# نماز جماعت جائز ہونے کی صورتیں

## نماز جماعت جائز ہونے کی صورتیں

مسئلہ۷۰۰۔ تمام یومیہ واجب نمازوں کو جماعت کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں اور جب امام جماعت یومیہ واجب نمازوں میں سے کوئی پڑھے تو اسی نماز یا کسی اور یومیہ نماز کو اس کی اقتدا میں ادا کرسکتے ہیں۔

مسئلہ۷۰۱۔ اگر امام جماعت اپنی نماز کو احتیاط کے طور پر دوبارہ پڑھے تو ماموم صرف اس صورت میں اقتدا کرسکتا ہے کہ جب اپنی نماز کو احتیاط کے طور پر دوبارہ پڑھے اور امام اور ماموم کے احتیاط کی جہت ایک ہی ہو۔

مسئلہ۷۰۲۔ اگر امام جماعت یومیہ نمازوں میں سے کوئی نماز پڑھ رہا ہو تو ماموم یومیہ نمازوں میں سے کسی بھی نماز کی قضا کو جماعت کے ساتھ پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ۷۰۳۔ اگر امام یومیہ نمازوں میں سے کسی کی قضا پڑھ رہا ہو تو ماموم یومیہ نمازوں یا ان کی قضا کو اس کی اقتدا میں ادا کرسکتا ہے لیکن احتیاط کے طور پر پڑھنے والی قضا نماز یعنی جس نماز کا قضا ہونا یقینی نہ ہو اس میں اقتدا نہیں کی جاسکتی ہے چاہے اپنی نماز ہو یا دوسرے کی ہو۔

مسئلہ۷۰۴۔ جو شخص یومیہ نماز کو احتیاط کے طور پر تکرار کرتا ہو ( چاہے احتیاط کرنا مستحب ہو یا واجب) اس شخص کی اقتدا کرسکتا ہے جو واجب نماز ( ادا یا قضا) پڑھ رہا ہو۔

مسئلہ۷۰۵۔ اگر امام یا ماموم کی نماز قصر ہو تو نماز جماعت صحیح اور جماعت کے ثواب کی حامل ہے۔

مسئلہ۷۰۶۔ نماز جمعہ جماعت کے ساتھ پڑھی جائے اور فرادی صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ۷۰۷۔ یومیہ نمازوں میں ایک دفعہ امامت کی تکرار کرنا جائز ہے بشرطیکہ دوسری جماعت کے مامومین پہلی جماعت والے مامومین نہ ہوں۔